Azad Jammu & Kashmir
Environmental Protection Agency

AJK-EPA

Protection of Environment is our Moral and Legal Obligation

DIRECTOR GENERAL
Phone: 05822-921082
Fax: 05822-921686
Email: dgepa.ajk@gmail.com

Ref #: EPA/962-67/2018
Date: 29-03-2018

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1 | نام وپتہ مالک | : | وجاہت علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر نیشنل کرش پلانٹ وبلاک فیکٹری نزد پدرنالہ ضلع باغ آزادکشمیر |
| -2 | تفصیل منصوبہ | : | تنصیب واوپریشن کرشنگ پلانٹ وبلاک فیکٹری نزد پدرنالہ ضلع باغ۔ |
| -3 | مقام منصوبہ | : | نزد پدرنالہ ضلع باغ آزادکشمیر۔ |
| -4 | تاریخ دائرگی درخواست | : | 31-01-2018 |

## مشروط ماحولیاتی منظوری

<><><>

**زیر دفعہ 11 آزاد جموں وکشمیر تحفظ ماحولیات ایکٹ 2000ء و آزاد جموں وکشمیر تحفظ ماحولیات ایجنسی IEE/EIA ریگولیشنز 2009۔**

آزاد جموں وکشمیر تحفظ ماحول ایکٹ مجریہ 2000ء کی دفعہ 11 کے تحت حاصل شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے مورخہ 31-01-2018 کو تحفظ ماحولیات ایجنسی کو پیش کی گئی ابتدائی ماحولیاتی تجزیاتی رپورٹ Initial Environmental Examination (IEE) بغرض حصول ماحولیاتی منظوری بغرض تنصیب واوپریشن نیشنل کرش پلانٹ وبلاک فیکٹری ضلع باغ کا تفصیلی جائزہ لیئے جانے کے بعد میسرز وجاہت علی کے حق میں بمقام نزد پدرنالہ ضلع باغ کرش پلانٹ وبلاک فیکٹری کی تنصیب اور اوپریشن کے لیئے بشرائط ذیل مشروط ماحولیاتی منظوری جاری کی جاتی ہے۔

-1 یہ کہ مالک منصوبہ اس پراجیکٹ کی تعمیر اوراوپریشن کے مرحلوں پر قومی ماحولیاتی کوالٹی معیارات (NEQSs) پر عملدرآمد کو یقینی بنائے گا۔

-2 یہ کہ ماحولیاتی تخفیفی اقدامات جو کہ IEE رپورٹ میں تجویز کیئے گئے ہیں اور ماحول بچاؤ پلان (EMP) پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے تاکہ پراجیکٹ ایریا کی زمینی ساخت سطحی واندرون زمین پانی، مقامی ہوا کے معیار، زمینی وسائل منفی اثرات نہ پڑیں۔

-3 یہ کہ منصوبہ کی نوعیت کے پیش نظر کہ اگر موثر تخفیفی اقدامات نہ کیئے گئے تو انسانی صحت اور قدرتی ماحول کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔لہذا مالک کرش پلانٹ۔ پلانٹ کی فعالیت سے قبل درج ذیل اقدامات کو بہرصورت یقینی بنائے گا۔

i) <u>خام مال</u>:۔ یہ کہ جیسا تجویز ہے کہ کرشنگ خام مال نالہ پدر سے اٹھایا جائے گا اور اس مقصد کے لیئے اردگرد کی پہاڑیوں کو کسی صورت نہیں کاٹا جائے گا۔مزید یہ کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کرش پلانٹ کے لیئے نالہ پدر کے کناروں پر سے صرف پتھر ہی اٹھائے جائیں اور ہیوی مشینری کے ساتھ نالہ پدر کے موجودہ بہاؤ والے حصہ کو نہ کھودا جائے۔

ii) <u>حفاظتی تخفیفی دیوار</u>:۔ یہ کہ سٹون کرشنگ پلانٹ کے اوپریشن کے دوران بے تحاشہ گردوغبار اُٹھتا ہے جو کہ مقامی آبادی، سبزہ اور چرند پرند کے لیئے نقصان دہ ہے۔کی تخفیف کی غرض سے کرشنگ پلانٹ، کرشنگ یونٹ، گریڈر اور کنویئر کے ساتھ پانی کے ساتھ مستقل اور بلاتعطل چھڑکاؤ کا انتظام کیا جائے۔

iii) <u>کرشنگ یونٹ کی تنصیب</u>:۔ یہ کہ کرشنگ کے دوران پیدا ہونے والی دھمک اور شور شرابہ سب سے بڑا ماحولیاتی اور سماجی مسئلہ ہے۔اس کی تخفیف کے لیئے مین کرشنگ یونٹ کو تین اطراف سے (دائیں، بائیں اور سامنے سے) کنکریٹ بلاکس کے اندر (embed) نصب کریں۔

iv) <u>گریڈر کا گردوغبار</u>:۔ یہ کہ گریڈر سے اٹھنے والے گردوغبار کو کنٹرول کرنے کے لیئے پراپلین شیٹ کا کور استعمال کیا جائے تاکہ پانی کے چھڑکاؤ اور کور کے اجتماعی انتظام سے گردوغبار کے امکانات کو کم سے کم کیا جائے۔

v) <u>جنریٹر کا استعمال</u>:۔ بجلی کی عدم دستیابی کی صورت میں اگر جنریٹر کا استعمال ناگزیر ہو تو جنریٹر سے پیدا ہونے والے شور شرابہ کو کم کرنے کے

لیئے جنریٹر کے ساتھ شور شرابہ کنٹرول کرنے والی ڈیوائسز لگائی جائیں۔

(vi) **فالتو مواد**:۔سٹون کرشنگ اور پراسسنگ کے دوران پیدا ہونے والے فالتو مواد کو نالہ اور کھلے عام پھینکنے یا ڈمپ کرنے کی بجائے محفوظ جگہ پر ٹھکانے لگایا جائے تا کہ بارش کے پانی کے ساتھ بہہ کر ایسا فالتو مواد زرخیز زمینوں کو متاثر اور ندی نالوں اور دریاؤں کے پانی کو آلودہ نہ کر سکے۔

(vii) **پانی کے چھڑکاؤ کے انتظامات**:۔ یہ کہ کرشنگ پلانٹ کے اوپریشن کے دوران پانی کے مسلسل چھڑکاؤ کے لیئے جدید بنیادوں پر اہتمام کیا جائے۔کرشنگ پلانٹ کے لیئے پانی کے حصول کے لیئے کسی ایسے چشمے/ذرائع کو استعمال میں نہ لایا جائے جس پر مقامی آبادی انحصار کرتی ہو۔ بلکہ علیحدہ بنیادوں پر انتظام کیا جائے۔

-4 یہ کہ مالک منصوبہ کاریگروں/مزدوروں کی صحت وحفاظت کے ضمن میں ضروری انتظامات کرے گا اور حفاظتی اقدامات (حفاظتی دستانے، ہیلمٹ، جوتے اور ضروری ابتدائی طبی امداد/سہولیات) کرنے کا پابند ہوگا۔

-5 یہ کہ مقامی آبادی کے روز مرہ معمولات اور پردہ داری متاثر نہ کی جائے اور مقامی آبادی کو دستیاب وسائل وسہولیات برائے روز مرہ زندگی کو متاثر یا زیر بار نہیں کیا جائے گا۔ مالک منصوبہ پراجیکٹ اور لیبر کی ضروریات کے لیئے علیحدہ بنیادوں پر انتظامات کرے گا۔

-6 یہ کہ جہاں تک ممکن ہو، روزگار مقامی لوگوں کو دیا جائے۔ غیر ریاستی اور غیر مقامی لیبر لانے کی صورت میں مقامی سطح سنگین معاشرتی اور سماجی مسائل پیدا ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔

☆ مالک منصوبہ آزاد جموں وکشمیر IEE/EIA ریگولیشنز 2009 کی ریگولیشن 13,14,17&18 کی تعمیل کا پابند ہوگا۔

☆ پلانٹ پر کام کرنے والے مزدوروں کا معاوضہ/اجرت حکومت کے مقرر کردہ ریٹس سے کم نہیں ہوگی۔

☆ مستقبل میں مقامی آبادی اگر پلانٹ کے قریب آکر رہائش پذیر/آباد ہو تو پلانٹ کو کسی نئی موزوں جگہ منتقل کرنا ہوگا۔

☆ اگر منصوبہ کی تعمیر یا فعال ہونے پر کسی بھی قسم کی عوامی شکایت پیدا ہو تو مالک منصوبہ اس کو دور کرے گا۔

☆ مالک منصوبہ ادارہ تحفظ ماحولیات کی مانیٹرنگ/انسپکشن ٹیم کے کسی بھی وقت معائنہ کی صورت میں مانیٹرنگ ٹیم کے ہمراہ ہونے اور مانیٹرنگ سے متعلقہ انتظامات اور سہولیات کو یقینی بنائے گا۔

☆ اگر مستقبل میں کسی بھی وقت منصوبہ کے لے آؤٹ، ڈیزائن میں تبدیلی یا کسی دیگر مقام پر منتقلی ناگزیر ہو تو مالک کرش پلانٹ ادارہ تحفظ ماحولیات سے پیشگی منظوری کا پابند ہوگا۔

☆ یہ ماحولیاتی منظوری عرصہ 1 سال کے لیئے موثر ہوگی۔

☆ مندرجہ بالا کسی بھی ایک شرط یا شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں یہ ماحولیاتی منظوری منسوخ تصور ہوگی۔

☆ یہ منظوری مفاد عامہ میں بغیر کسی پیشگی نوٹس کے کسی بھی وقت واپس لی جا سکتی ہے۔

محررہ 29 مارچ 2018ء
ٹریکنگ نمبر 0036

Azad Jammu & Kashmir ★ Muzaffarabad ★ Environmental Protection Agency

27.3.18
(راجہ محمد رزاق)
ناظم اعلیٰ ماحولیات

نقل بالا بخدمت:۔

-1 جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات)/سیکرٹری ماحولیات، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
-2 ڈپٹی کمشنر صاحب ضلع باغ آزاد کشمیر۔
-3 ناظم صاحب، معدنی وسائل، مظفرآباد۔
-4 ایڈمنسٹریٹر صاحب ضلع کونسل باغ۔
-5 ماسٹر فائل۔

House No. D-4, Street No. 12, Upper Chatter Housing Scheme, Opposite Model Science College, Muzaffarabad (A.K). Post Code 13100